# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

## (شعبہ اردو)

**وارننگ**

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ

1. اگر آپ اپنی امتحانی مشق ہیں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں، خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلے پر ہو جائے۔
2. کسی دوسرے سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری" Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

کورس: اردو نظم: فکری و فنی مطالعہ (9018) سمسٹر: خزاں 2026

سطح: بی ایس اُردو

## (ہدایت نامہ برائے طلبہ)

براہ مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔ (ہدایات برائے طلبہ ایسوسی ایٹ ڈگری، بی ایس، بی ایڈ، ایم اے، ایم ایس سی، ایم ایڈ، ایم فل اور پی ایچ ڈی)

1۔ تمام سوالات لازمی ہیں اور تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں، البتہ سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2۔ سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔

3۔ ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔

4۔ ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (PDF یا Word فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اپ لوڈ کریں۔

5۔ مقررہ تاریخ کے بعد/تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپ لوڈ نہ ہو سکیں گی، جس کا ذمہ دار طالب علم ہی ہو گا۔

6۔ آپ کے تجزیاتی اور تنقیدی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

7۔ غیر متعلقہ بحث/معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

# امتحانی مشق نمبر 1

(یونٹ: 1تا5)

کل نمبر: 100 | کامیابی کے نمبر: 50

سوال نمبر 1۔ اردو نظم نے تاریخی طور پر جو مدارج طے کیے، ان کا احاطہ کیجیے۔ (20)

سوال نمبر 2۔ کیا آزاد کو جدید اردو نظم کا بانی قرار دیا جا سکتا ہے؟ مدلل جواب دیں۔ (20)

سوال نمبر 3۔ نظیر اکبر آبادی کی شاعری میں ہندوستانی تہذیب و ثقافت کے مرقعے اپنی پوری توانائی کے ساتھ جلوہ گر ہیں، بحث کیجیے۔ (20)

سوال نمبر 4۔ مسدس حالی" کا موضوع کیا ہے؟ نیز "مسدس حالی" کے فکری و فنی محاسن سے بحث کیجیے۔ (20)

سوال نمبر 5۔ نظم "روپے کی فلاسفی" کا فکری و فنی جائزہ لیجیے۔ (20)

# امتحانی مشق نمبر 2

(یونٹ: 6تا9)

کل نمبر: 100 | کامیابی کے نمبر: 50

سوال نمبر 1۔ ن۔م۔راشد کی شاعری روایت سے بغاوت کی مثال ہے۔ بحث کیجیے۔ (20)

سوال نمبر 2۔ فیض کی شاعری میں رومان اور حقیقت کا ایک دل کش امتزاج دکھائی دیتا ہے۔ وضاحت کیجیے۔ (20)

سوال نمبر 3۔ مجید امجد کی شاعری میں حیرت اور اداسی کا عنصر کس طرح سے جلوہ نما ہے؟ بحث کیجیے۔ (20)

سوال نمبر 4۔ منیر نیازی کی شاملِ نصاب نظموں میں سے کسی ایک کا ناقدانہ جائزہ اس طور پر لیجیے کہ اس کے تمام فنی محاسن واضح ہو جائیں۔ (20)

سوال نمبر 5۔ نثری نظم کیا ہے؟ افضال احمد کی نظم نگاری پر روشنی ڈالیے۔ (20)